| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | چوبیسواں ہفتہ | موضوع: | بھاری حرف 'تھ' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ بھاری حرف 'تھ' کی پہچان کرسکیں آواز پہچان سکیں ۔ الفاظ بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے بھ اور پھ کی آوازیں اور الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ت' کو دو چشمی 'ھ' کے ساتھ ملا کر پڑھنا اور لکھنا سیکھیں گے۔ حرف 'تھ' کا فلیش کارڈ دکھاتے ہوئے آواز کی درست ادائیگی کی جائے گی۔ کاغذ پر 'ت' اور 'تھ' کی آواز کی مشق کی جائے گی اور بچوں سے کروائی جائے گی۔ بچوں کو تھ کے الفاظ فلیش کارڈز/ پی پی ٹی کے ذریعے دکھائے جائیں گے (تھیلا، تھال، تھوڑا، تھک، تھوکنا، تھا، تھی، تھے) ان الفاظ کی ابتدائی آواز پر زور دیا جائے گا۔ تختہ سفید/ سیاہ پر بڑا کر کے 'تھ' لکھا جائے گا بچوں سے ہوا میں 'تھ' بنوانے کی مشق کروائی جائے گی یہ عمل بار بار کروایا جائے گا۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو ریتلی تھالی دے کر بھ، پھ اور تھ لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ بچوں کو ہوپ سکوچ گیم کھلائی جائے گی۔ زمین بھ، پھ اور تھ کے الفاظ لکھ کر بچوں کو صرف تھ کے الفاظ پر چھلانگ لگانے اور پڑھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کو گیم کھیلنے کا موقع فراہم کیا جائے گا۔ بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 32 کھولنے کو کہا جائے گا ت کو ھ سے جوڑ کر لکھنے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔ 'تھ' کے الفاظ کی بلند خوانی کی جائے گی۔ کتاب صفحہ 33 پر تھ کے ساتھ حرف جوڑ کر دو حرفی الفاظ لکھنے کو کہا جائے گا۔ نیچے لکھے جملے معلمہ بورڈ پر لکھ کر بلند خوانی کروائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے تھ کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:** کاپی میں بھ، پھ اور تھ کی لکھائی کیجیے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | ریتلی تھالی<br>چاک<br>کتاب صفحہ نمبر 32,33<br>کاپی ورک<br>بھاری حروف بھ، پھ، تھ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھاری حرف 'تھ' کی آواز اور الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی  چوبیسواں ہفتہ | موضوع: | بھاری حرف 'تھ' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ بھاری حرف 'تھ' کو ا، و، ی، ے سے ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے 'تھ' کی آواز اور اس کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھاری حرف 'تھ' کو مصوتے سے ملانے اور جملوں میں ان کا استعمال کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو 'تھ' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کی آواز بتائی جائے گی۔ تختہ سفید/ سیاہ پر 'تھ' اور ا، و، ی، ے کے فلیش کارڈز چسپاں کیے جائیں گے<br>تھ   (ا ، تھا) ، (و ، تھی) ، (ی ، تھی) ، (ے ، تھے)<br>بچوں کو 'تھ' کو مصوتوں کے ساتھ ملا کر پڑھایا جائے گا بچوں سے ہوا میں تھا، تھو، تھی، تھے لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ تھ کے الفاظ کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ | 10منٹ | 'تھ' فلیش کارڈ<br>الفاظ کے فلیش کارڈز<br>حروف فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو چار کے گروپ میں تقسیم کیا جائے گا۔ بچوں کو 'تھ' اور حروف کے فلیش کارڈز دیے جائیں گے۔ معلمہ تختہ / سیاہ پر ایک لفظ مثلاً 'تھال' لکھیں گے کوئی ایک گروپ تھال کے توڑ تختہ/ سیاہ سفید پر چسپاں کرے گا۔ باری باری سب گروپ سرگرمی کریں گے۔ بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 34،35 کھولنے کو کہا جائے گا۔ تھ کو ا، و، ی، ے سے ملا کر پڑھنے اور لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 20منٹ | کتاب صفحہ نمبر 34,35 | |
| | **اختتامیہ:**<br>'تھ' کے الفاظ پی پی ٹی/فلیش کارڈز کے ذریعے دکھا کر ان کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ | 5منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے.جی چوبیسواں ہفتہ | موضوع: | بھاری حرف 'تھ' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'تھ' کے الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں ۔ جملوں کی پڑھائی کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>تھل، تھم، تھر اور تھک کے الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ان کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>اونچی آواز سے پڑھیے     ہاتھی تھام کر تھالی لاتا<br>ہم نے دیکھا ہاتھی تماشا     تھالی کے ساتھ کرتب دکھاتا<br>تھپک تھپک کر ہاتھ ہلاتا     ماتھے پر رکھ کر تھال دکھاتا<br>تھوڑے تھوڑے کان ہلاتا<br>معلمہ بچوں سے پوچھے گی کہ یہ عبارت کس کے متعلق ہے؟ اس عبارت میں کونسے 'تھ' کے الفاظ ہیں؟<br>**مرکزی سرگرمی:** تختہ سیاہ پر درج ذیل الفاظ لکھیں تھاپ، تھال، تھام، تھان، تھاتھی، تھو، تھے، تھک، تھائی۔ معلمہ ایک بار ان الفاظ کو پڑھے گی اور طلبہ غور سے سنیں گے۔ بچوں کو جوڑوں میں تقسیم کیا جائے گا۔ ہر جوڑے میں سے ایک بچہ سارے الفاظ پڑھے اور دوسرا بچہ غلطیاں نوٹ کرے پھر دوسرا بچہ اس طرح سارے الفاظ پڑھے اور پہلا بچہ غلطیاں نوٹ کرے۔<br>بچوں سے کتاب صفحہ 37 کھولنے کو کہا جائے گا۔ تھام، تھال، تھان، تھاپ کے ہم آواز الفاظ کروائے جائیں گے۔ نیچے دیے گئے الفاظ بورڈ پر لکھ کر پڑھائی کروایئے اور انہیں الگ الگ کر کے لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:** 'تھ' کے الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:** کتاب صفحہ 36 کیجیے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھاری حرف تھ کے الفاظ اور جملوں میں ان کا استعمال کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | چوبیسواں ہفتہ | موضوع: | بھاری حرف 'تھ' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ 'تھ' کے الفاظ مصوتوں کے ساتھ پڑھ اور لکھ سکیں ان کے توڑ کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے 'تھ' کی آواز اور اس کے دو حرفی الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>تھوڑا، تھوڑی، تھوڑے کے فلیش کارڈ دکھا کر ان الفاظ کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ یہ تینوں الفاظ کسی چیز کی کم مقدار کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔ جملے بورڈ پر لکھیے۔ میرا کام تھوڑا رہ گیا ہے۔ ہماری باری تھوڑی دیر سے آئے گی۔ میرے بال تھوڑے کاٹ دو۔ جملے پڑھیے اور بچوں سے پڑھنے کو کہیے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>کتاب صفحہ 38 کھولنے کو کہا جائے گا۔ الفاظ لکھنے اور ان کے توڑ لکھوائے جائیں گے۔ بچوں سے کتاب صفحہ 39 پر جملوں میں درست لفظ چُن کر لکھنے اور رنگ بھرنے کو کہا جائے گا۔ موسم، کاغذ اور گوشت الفاظ کے توڑ لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>Salt tray دے کر تھوڑا، تھوڑی اور تھوڑے لکھوانے کی مشق کروایئے۔<br>**اختتامیہ**<br>تھوڑا، تھوڑی اور تھوڑ کے توڑ بورڈ پر لکھوایئے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی پر 'تھ' کے دو حرفی الفاظ لکھیے۔ | 5 منٹ<br><br><br>10 منٹ<br><br><br><br>20 منٹ<br><br><br><br>5 منٹ | الفاظ فلیش کارڈ<br><br><br>کتاب صفحہ<br>38،39<br><br>Salt tray | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا تھ کو مصوتوں سے ملا کر پڑھنے اور لکھنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے.جی چوبیسواں ہفتہ | موضوع: | بھاری حرف ’تھ‘ | دن: | پانچ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ ’تھ‘ کے الفاظ مصوتوں کے ساتھ پڑھ اور لکھ سکیں ان کے توڑ کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے تھوڑا، تھوڑی اور تھوڑ کے توڑ پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو تھا، تھی، تھے، تھیں کا فلیش کارڈ دکھا کر الفاظ کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ جب کوئی کام ماضی یعنی گزرے ہوئے وقت میں ہوتا ہے تو اس کے لیے تھا، تھی، تھے، تھیں کا استعمال کرتے ہیں۔ معلمہ بورڈ پر جملے لکھیں گی۔<br>1. میں کل بازار گیا تھا۔ 2. سارہ کل میرے گھر آئی تھی۔<br>3. ہم چڑیا گھر کی سیر کو گئے تھے۔ 4. امی کل ڈاکٹر پر گئی تھیں<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو تھا، تھی، تھے کے فلیش کارڈ دے کر ایک ایک جملہ بتانے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے کتاب صفحہ 40 کھولنے کو کہا جائے گا۔ جملے بورڈ پر لکھ کر درست لفظ کا استعمال کرنا بتایا جائے گا اور لکھنے کو کرنے کو کہا جائے گا۔ نیچے دیے سوالات کے جوابات پوچھے جائیں گے اور لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ**<br>تھا، تھی، تھے، تھیں الفاظ تختہ سفید/ سیاہ پر لکھوائیے۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | الفاظ فلیش کارڈ<br><br>کتاب صفحہ<br>40 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا تھ کو مصوتوں سے ملا کر پڑھنے اور لکھنے پر۔ |